روزے میں سفر کے متعلق فتوی

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

سوال 1 : بندہ کب سفر شروع کرے تو وہ اس پر روزہ رکھنا ضروری نہیں ہوگا؟ سوال 2 : اگر کوئی یہ سمجھ کر روزہ چھوڑ دے کہ سفر یا کسی اور وجہ سے روزہ اس پر فرض نہیں مگر روزہ اس پر فرض تھا تو کیا اس پر کفارہ واجب ہوتا ہے؟

سائل : اشفاق بلیک برن یوکے

الجواب بعون الملک الوھاب

اگر کوئی شخص ساڑھے ستاون میل 57 1/2 (تقریباً بانوے کلومیٹر) سفر کا ارادہ کرکے اپنے شہر یا گاؤں کی آبادی سے باہر نکل آیا، وہ شرعاً مُسافر ہے ایسا مسافر اگر روزہ نہ رکھے تو اس پر گناہ نہیں کیونکہ اسے خود اس کے رب ذوالجلال عزوجل نے رخصت عطا فرمائی ہے۔

جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی خود قرآن میں فرماتا ہے کہ **فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ** - تو تم میں جو کوئی بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے دوسرے دنوں میں رکھ لے۔ [بقرۃ: ۱۸۴] مگر جتنے روزے سفر کی وجہ سے چھوٹے بعد میں اسے وہ تمام رکھنے پڑیں گے۔ جیسا کہ اللہ تعالی نے **فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ** فرما کر خود اس کا حکم ارشاد فرما دیا۔

آج کا روزہ چھوڑنے کے لیے مسافر کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنا سفر طلوع فجر سے پہلے [یعنی سحری کے وقت] شروع کرے۔ اگر وہ طلوع فجر کے بعد شروع کرتا ہے تو آج کا روزہ اس پر فرض ہے اگر نہیں رکھے گا تو گناہگار ہوگا۔

فقہ حنفی کی مشہور کتاب در مختار میں ہے کہ **يَجِبُ عَلَى مُقِيمٍ إتْمَامُ صَوْمِ رَمَضَانَ سَافَرَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ يعنى فَلَوْ سَافَرَ بَعْدَ الْفَجْرِ لَا يَحِلُّ الْفِطْرُ۔ مقیم پر آج کے رمضان کے روزے کو پورہ کرنا واجب ہے اگر اس نے آج سفر شروع کیا یعنی اگر اس نے طلوع فجر کے بعد سفر شروع کیا تو اسے روزہ چھوڑنا جائز نہیں۔** [**درمختار مع ردالمحتار** باب مایفسد الصوم فصل فی العوارض ج ۱ ص ۱۵۴]

اور سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ الرحمٰن فتاوی رضویہ شریف میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ مسافر کو جس دن کی صبح صادق مسافرت کے حال میں آئے اُس دن کا روزہ ناغہ کرنا اور پھر کبھی اس کی قضا رکھ لینا جائز ہے۔

[فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۳۴۷]

صبح صادق حالتِ سفر میں اسی صورت میں آئے گی جب سفر صبح صادق سے پہلے یعنی سحری یا اس سے پہلے شروع کیا ہوگا۔

[2] : اگر کسی شخص کا سفر شرعی نہ تھا یا اس نے طلوعِ فجر کے بعد سفر شروع کیا اور رمضان کا روزہ چھوڑ دیا ایسے شخص پر توبہ واجب اور بعد میں ایک روزہ قضا کا رکھنا بھی ضروری ہے کیونکہ اس نے اپنی جہالت کی وجہ سے فرض روزہ چھوڑا ہے۔ مگر اس پر کفارہ نہیں کیونکہ تارکِ صوم پر کفارہ واجب نہیں ہوتا، کفارہ تو روزہ توڑنے والے پر واجب ہوتا ہے جب کفارے کی شرائط پائی جائیں۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ محمد قاسم ضیاء القادری

English Translation

Question 1: When does a person's initiating a journey permit him to leave that day's fasting?

Question 2: If a person leaves a fast thinking that the fast is not obligatory upon him due to travel or another reason but in reality it is obligatory upon him is Kaffārah (expiation) necessary upon him? Questioner: Esfak, Blackburn UK

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله
الجواب بعون الملک الوهاب

[1] If someone leaves the boundaries of the inhabitations of his city with the intention of undertaking a journey of 57.5 miles (approximately 92km) that person is a traveller (musāfir) according to the Sharī'ah. If such a person does not fast then there is no sin upon him as Allāh Owner of Majesty and Praise has granted him permission in the Qur'ān:

{ Then who so among you is ill or on a journey, then same number of fastings in other days} [Sūrah al-Baqarah v 184]

However many fasts he leaves he must make them up later as Allāh (Most Transcendent) has commanded this in His saying: **{then same number of fastings in other days}**

In order to leave the fasting of a particular day it is also necessary that the traveller initiate his journey before Fajar begins (i.e. the time of sehri meal). If he begins his journey after Fajar (true dawn) has started then that day's fasting is obligatory upon him and if he leaves fasting it he will be sinful.

In the famous Hanafi Fiqh text al-Durr al-Mukhtār it is stated: "It is necessary for a resident (muqīm) to complete the fast of that day in which he initiated a journey i.e. if he started his journey after the beginning of Fajar it is not permissible for him to leave his fast." [al-Durr al-Mukhtār Chapter 1 pg. 154]

My master A'la Hazrat Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh shower him with mercy) whilst answering a question in al-Fatāwa al-Ridwiyyah mentions that the day whose true dawn occurs whilst a musāfir is in a state of traveling then it is permissible for him to leave it's fasting and make it up at a later time. [al-Fatawa al-Ridwiyyah Chapter 10 pg 347]

True Dawn will occur whilst in a state of travel when such a journey has been initiated prior to true dawn i.e. at sehri time or prior to that.

[2] If someone's journey was not a shari'ah journey [one where the rules of the musāfir are applicable] or he began his journey after the start of Fajar and he left the fast of Ramadan then tawbah (repentance) is necessary upon him as is the keeping of a fast in its place later on. This is because he left a Fard fast out of his own ignorance. However a kaffārah is not due upon him because kaffārah is not necessary upon the one who leaves a fast. In fact Kaffārah is necessary upon the one who breaks a fast when the conditions of kaffārah are present in that situation.

کتبہ محمد قاسم ضیاء القادری